سوال

(754) نماز کے علاوہ سجدہ میں دعا کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا دعا مانگنے کی یہ صورت جائز ہے کہ کوئی نماز کی حالت میں بھی نہ ہو اور حاجت کی شدت کی وجہ سے اللہ کو سجدہ کرکے اس میں مانگنا شروع کردے۔ کیا نماز کے بغیر اللہ کو سجدہ کرکے دعا کی جاسکتی ہے۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جی ہاں نماز کے بغیر دعا کےلئے سجدہ کرنا جائز ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان اقدس ہے۔

أقرب مایکون العبد من ربہ وہو ساجد فاکثروا من الدعاء   مسلم

سجدے میں بندہ اپنے رب کے سب سے زیادہ قریب ہوتا ہے لہذا تم اس میں کثرت سے دعا کیا کرو۔

اس حدیث مبارکہ سے ثابت ہوتا ہے کہ نماز کے علاوہ بھی سجدہ کیا جا سکتا ہے، اوراس میں دنیا وآخرت کی کوئی بھی دعا کی جاسکتی ہے۔ اور افضل یہ ہے کہ یہ سجدہ بھی باوضو ہو کر کیا جائے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد01